# ووٹ کیسے ڈالیں

Urdu

ووٹ کیسے ڈالیں/Urdu



## لیاقتیں

آپ ٹورنٹو کے بلدیاتی انتخاب میں ووٹ ڈال سکتے ہیں اگر:

- آپ کناڈائی شہری ہوں؛ اور
- آپ کی عمر کم از کم 18 سال ہو؛ اور
- آپ سٹی آف ٹورنٹو کے رہائشی ہوں؛ یا
- آپ سٹی آف ٹورنٹو کے غیر رہائشی ہوں، لیکن آپ یا آپ کے/کی شریک حیات کے پاس شہر میں اپنا یا کرایے کا ایک رہائشی مکان ہو؛ اور
- آپ کو کسی قانون کے تحت ووٹ ڈالنے سے ممنوع قرار نہیں دیا گیا ہو۔


آپ سٹی آف ٹورنٹو کے بلدیاتی انتخاب میں صرف ایک بار ووٹ ڈال سکتے ہیں، اس بات سے قطع نظر کہ شہر میں آپ کی زیر ملکیت یا کرایے پر کتنے مکانات ہیں۔ آپ جس وارڈ میں رہتے ہیں، وہیں اپنا ووٹ ڈالیں۔

## رائے شماری

انتخابی عہدیدار:

- آپ کا استقبال کرے گا اور اس جگہ جانے کی ہدایت دے گا جہاں آپ کو جانے کی ضرورت ہے
- آپ کی شناخت طلب کرے گا جس پر آپ کا نام اور اہل قرار دینے والا ٹورنٹو کا پتہ درج ہو
- ووٹر کی فہرست سے آپ کی شناخت کو چیک کرے گا، اس کے بعد فہرست سے آپ کا نام قلمزد کرے گا
- آپ کا بیلٹ رازدارانہ فولڈر میں ڈالے گا اور آپ کو اپنے بیلٹ پر نشان ڈالنے کا طریقہ بتائے گا
- ووٹنگ اسکرین تک آپ کی رہنمائی کرے گا

آپ:




- اپنی پسند کے امیدوار کے دائیں طرف بیضوی خانے میں پُر کرکے اپنے بیلٹ پر نشان لگائیں گے۔
- بیلٹ پر ہر عہدے کے لیے ایک بار ووٹ ڈالیں
    - اگر آپ سے غلطی ہو جاتی ہے یا جس کو ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں اس کے بارے میں آپ کا ارادہ بدل جاتا ہے تو بیلٹ لے کر انتخابی عہدیدار کے پاس جائیں جو آپ کا بیلٹ منسوخ کرکے آپ کو دوسرا بیلٹ جاری کرے گا۔
- اپنے نشان زد بیلٹ کو رازدارانہ فولڈر میں رکھیں اور اسے لے کر انتخابی عہدیدار کے پاس جائیں جو آپ کا بیلٹ ٹیبولیٹر میں فیڈ کرے گا
    - اگر آپ کے بیلٹ میں کوئی مسئلہ ہے تو ٹیبولیٹر اسے واپس کر دے گا۔ انتخابی عہدیدار آپ کو ایک نیا بیلٹ حاصل کرنے کا اختیار کرنے یا ٹیبولیٹر سے بیلٹ کو حسب نشان زد قبول کروانے کا اختیار دے گا۔

- ▫ اگر بیلٹ کو مناسب طریقے سے نشان زد کرنے کے طریقے کی بابت آپ کا کوئی سوال ہو تو انتخابی عہدیداران میں سے کوئی بھی بخوشی آپ کے سامنے اس کی وضاحت کرے گا۔
- ایک بار کامیابی کے ساتھ ووٹ ڈال لینے کے بعد آپ کا بیلٹ ٹیبولیٹر کے ذریعہ قبول کر لیا جاتا ہے

## اقرار نامے

### نمبر 1 - لیاقت کا اقرار نامہ

اگر کوئی شخص ووٹ ڈالنے کے آپ کے حق پر سوال اٹھاتا ہے تو آپ کو لیاقت کا ایک حلفیہ اقرار نامہ دینا ضروری ہے - تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ آپ اہل ہیں۔ (دیکھیں: لیاقتیں)

میں، (اپنا نام درج کریں)، اقرار کرتا ہوں کہ میں ایک اہل قرار یافتہ ووٹر ہوں اور میں نے اس انتخاب میں پہلے ووٹ نہیں ڈالا ہے۔

### نمبر 2 - ترجمان کا اقرار نامہ

اگر آپ کو ترجمان کی اعانت مطلوب ہو تو آپ کسی ایسے شخص سے درخواست کر سکتے ہیں جو امیدوار یا آپ کے لیے ترجمان کے بطور کام کرنے والا ناظر نہ ہو۔

اعانت فراہم کرنے سے پہلے ترجمان کو ایک حلفیہ اقرار نامہ دینا ضروری ہے۔ وہ آپ کے ساتھ ووٹنگ اسکرین کے پیچھے نہیں جا سکتے ہیں۔

میں، (اپنا نام درج کریں)، اقرار کرتا ہوں کہ میں الیکٹر کے سامنے پیش کردہ کسی بھی اقرار نامے، دستاویز یا سوال کا پوری سچائی کے ساتھ ترجمہ کروں گا اور جواب دوں گا۔

### نمبر 3 - ووٹر کے دوست کا اقرار نامہ

اگر آپ بیلٹ پر نشان نہیں ڈال سکتے ہیں تو آپ کسی دوست سے اپنی اعانت کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔ دوست کو ایک حلفیہ اقرار نامہ دینا ضروری ہے۔ دوست کی حیثیت سے کام کرنے والا شخص آپ کے ساتھ اسکرین کے پیچھے جا سکتا ہے۔ کوئی شخص صرف ایک بار دوست کے بطور کام کرسکتا ہے، سوائے نرسنگ ہومز میں، یا خاندان کے اراکین کے لیے۔

میں، (اپنا نام درج کریں)، اقرار کرتا ہوں کہ میں:

- ووٹر کی ہدایت کے مطابق بیلٹ کو نشان زد کروں گا
- ووٹر کو اس کی پسند اختیار کرنے میں متاثر کرنے کی کوشش نہیں کروں گا
- ووٹر نے جس طریقے سے ووٹ ڈالا ہے اس کو خفیہ رکھوں گا



## شناخت کی مثالیں

**آپ کا نام اور اہل قرار دینے والا ٹورنٹو کا پتہ دکھانے والی شناخت۔ نوٹ: ووٹر کا معلوماتی کارڈ شناخت کے بطور استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔**

- اونٹاریو کا ڈرائیورنگ لائسنس
- اونٹاریو کا صحت کارڈ (باتصویر کارڈ مع پتہ)
- اونٹاریو کا باتصویر کارڈ
- اونٹاریو کا موٹر گاڑی کا پرمٹ (گاڑی والا حصہ)
- منسوخ کردہ ذاتی نوعیت کاچیک
- اونٹاریو میں مکان کے تعلق سے رہن کا اسٹیٹمنٹ، پٹے یا کرایے کا معاہدہ
- بیمہ پالیسی یا بیمہ کا اسٹیٹمنٹ
- قرض کا معاہدہ یا کسی مالیاتی ادارے کے ساتھ دیگر مالیاتی معاہدے
- اونٹاریو کی عدالت سے جاری کردہ یا تصدیق شدہ دستاویز
- حکومت کناڈا، اونٹاریو یا اونٹاریو کی بلدیہ کی جانب سے یا کسی ایجنسی یا اس طرح کی انتظامیہ کی جانب سے کوئی دیگر دستاویز
- انڈین ایکٹ (Indian Act) (کناڈا) کے تحت قائم شدہ اونٹاریو کی بینڈ کونسل (Band Council) کی جانب سے کوئی دستاویز
- انکم ٹیکس اسیسمنٹ کی نوٹس
- چائلڈ ٹیکس بینیفٹ اسٹیٹمنٹ (Child Tax Benefit Statement)
- ادا کردہ امپلائمنٹ انشورنس بینیفٹس کا اسٹیٹمنٹ (Employment Insurance Benefits) T4E
- اولڈ ایج سیکیورٹی (Old Age Security) کا اسٹیٹمنٹ T4A (OAS)
- کینیڈا پنشن پلان بینیفٹس (Canada Pension Plan Benefits) کا اسٹیٹمنٹ T4A (P)
- زر تعاون کا کینیڈا پنشن پلان اسٹیٹمنٹ
- ڈائریکٹ ڈپازٹ کا اسٹیٹمنٹ
- برائے اونٹاریو ورکس
- اونٹاریو ڈس ایبلیٹی سپورٹ پروگرام (Ontario Disability Support Program) کے لیے ڈائرکٹ ڈپازٹ کا اسٹیٹمنٹ
- جائے کار میں تحفظ اور بیمہ بورڈ (Workplace Safety and Insurance Board) کا اسٹیٹمنٹ آف بینیفٹس T5007
- جائیداد ٹیکس کا اسیسمنٹ
- کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹ، بینک کھاتے کا اسٹیٹمنٹ،
- RRSP، RRIF، RHOSP یا
- T5 اسٹیٹمنٹ
- CNIB کارڈ یا معذور افراد کو خدمات فراہم کرنے والی دیگر رجسٹرڈ رفاہی تنظیم کا کارڈ
- ہسپتال کا کارڈ یا ریکارڈ
- کیمپس میں رہائش کو بتانے والی دستاویز، جو ثانوی کے بعد والے ادارے میں طالب علم کی رہائش کے ذمہ دار دفتر یا عہدیداروں کا جاری کردہ ہو
- طویل مدتی نگراں خانوں سے متعلق ایکٹ (Long-Term Care Homes Act)، 2007 کے تحت طویل مدتی نگراں خانے میں رہائش کو بتانے والی دستاویز، جو اس گھر کے منتظم کا جاری کردہ ہو
- بجلی، پانی، گیس،ٹیلیفون یا کیبل TV کا یوٹیلیٹی بل یا پبلک یوٹیلیٹیز کمیشن کی جانب سے بل
- آجر کے ذریعہ جاری کردہ چیک کی رسید، T4 اسٹیٹمنٹ یا ادائیگی کی رسید
- ثانوی کے بعد والے اسکول سے نقل حرفی یا رپورٹ کارڈ